# NYC CARE سے صحت کی دیکھ بھال کے حصول میں اپنے ملازمین کی مدد کریں

نیویارک شہر میں ہم اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ نیویار کے ہر ایک مکین کو بنیادی، انسدادی اور خصوصی نوعیت کی صحت کی دیکھ بھال حاصل کرنے کا حق ہے، **چاہے اس کی اس ملک میں موجودگی (immigration) کی کیفیت اور ادائیگی کرنے کی اہلیت کوئی بھی ہو۔** ایک آجر کی حیثیت سے اپنے ملازمین کو صحت مند اور محفوظ رکھنے میں مدد کرنے میں آپ ایک کلیدی شراکتدار ہیں۔

شہر کے صحتِ عامہ کے نظام، NYC Health + Hospitals، کے لیے جامع اور معیاری صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنا ہمیشہ بنیادی اہمیت کا حامل رہا ہے۔ وقتِ حاضر میں جب COVID-19 نے نیویارک کے تمام مکینوں کو متاثر کیا ہے، اس کا اثر ان لوگوں پر زیادہ شدت سے ہوا ہے جن کو صحت کی جامع دیکھ بھال تک رسائی حاصل نہیں ہے۔ اس وبا کی پیش کردہ للکاروں کا مسلسل سامنا کرتے ہوئے، اور راستہ ڈھونڈ کر آگے گامزن ہوتے ہوئے، نیویارک شہر میں موجود تمام بستیوں کو صحت مند رکھنے کے مقصد سے، NYC Health + Hospitals کی جانب سے چلایا ہوا صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کا پروگرام، NYC Care، اس خلا کو پُر کرنے کا عمل جاری رکھے گا۔ **آپ کے ایسے ملازمین، جن کے پاس بیمہ نہیں ہے، انہیں قابلِ برداشت نرخ پر صحت کی دیکھ بھال کے حصول میں معاونت کے لیے براہِ کرم ان سے کہیں کہ وہ آج ہی NYC Care کی رکنیت اختیار کریں۔**

جو صحت کا بیمہ حاصل کرنے کے اہل نہیں ہیں یا جن کی مالی حالت اس کی اجازت نہیں دیتی، نیویارک کے ایسے مکینوں کے لیے **NYC Care** اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ انہیں کم لاگت یا بغیر کسی لاگت کے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات فراہم ہوں۔

## آپ کو NYC CARE کی فکر کیوں کرنی چاہیے؟

**C** آپ اپنے ملازمین کی صحت کا **خیال (care)** رکھتے ہے۔ وہ آپ کے کاروبار کو جاری رکھتے ہیں، آپ کی کامیابی میں ان کا بھی حصہ ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ وہ صحت مند رہیں۔

**A** صحت کی اسکریننگ اور ویکسینوں جیسی باقاعدہ، بچاؤ کی دیکھ بھال تک رسائی انہیں میسر ہو تو کام سے آپ کے ملازمین کی **غیر حاضرئیاں (absences)** کم رہیں گے۔

**R** اگر آپ کے ملازمین کو یہ علم ہو گا کہ آپ ان کی اور ان کے عزیز و اقربا کی صحت کا خیال رکھتے ہیں تو آپ ان کو طویل مدت تک اپنے ساتھ **رکھ پائیں (retain)** گے۔

**E** اپنے ملازمین کو صحت مندی کے ساتھ زندگی بسر کرنے میں مدد کرنے سے آپ ان کی **کارگزاری (efficiency)** اور پیداواری صلاحیت بڑھائیں گے۔

NYC CARE Your Key to the City's Health Care

NYC HEALTH+ HOSPITALS

## اپنے ملازمین کے ساتھ NYC Care کے بارے میں بات چیت کا آغاز کریں

آپ کی مدد کے لیے یہاں پر ہم ایک مختصر تحریری نوٹ دے رہے ہیں، اس میں پروگرام کے بارے میں عام طور پر پوچھے جانے والے سوالات شامل ہیں۔

- آپ کی صحت ہمارے لیے اہم ہے۔
- اگر آپ بیمار ہوں، تو براہِ مہربانی گھر پر رہیں اور اپنی دیکھ بھال کریں۔
- میں آپ کو **NYC Care** پروگرام کے بارے میں بھی معلومات دینا چاہتا/چاہتی ہوں۔ جو صحت کا بیمہ حاصل کرنے کے اہل نہیں ہیں یا جن کی مالی حالت اس کی اجازت نہیں دیتی، نیویارک کے ایسے مکینوں کو یہ پروگرام کم لاگت یا بغیر کسی لاگت کے صحت کی دیکھ بھال تک رسائی دیتا ہے۔
- اس پروگرام میں رکنیت حاصل کرنے کے بعد، آپ:
  - دو ہفتوں یا اس سے بھی کم وقت میں بنیادی دیکھ بھال فراہم کنندہ کے ساتھ پہلی ملاقات کا وقت متعین کر پائیں گے۔
  - جس میں نرسیں، ذہنی صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین، طبی معاونین، سماجی کارکنان، فارماسسٹ اور غذائی ماہرین شامل ہیں، اس بنیادی دیکھ بھال ٹیم کی مدد حاصل کر سکیں گے۔
  - جب آپ کو ضرورت ہو، تو ہمارے NYC Care Contact Center سے، جو 24/7 دستیاب ہے، رابطہ کرپائیں گے۔
  - جب آپ کو ضرورت پڑے، تو کم لاگت کے نسخے کی ادویات تک 24/7 رسائی اور رات گئے بھی ادویات کی بھرائی (refills) حاصل کر سکیں گے۔
  -

**سوال: میں NYC CARE کہاں استعمال کرسکتا/سکتی ہوں؟**

**جواب:** اس وقت NYC Care اپنے ارکان کو NYC Health + Hospitals کے ٹھور ٹھکانوں پر فراہم کنندگان اور خدمات کا نیٹ ورک پیش کر رہا ہے۔ NYC Health + Hospitals کے ٹھور ٹھکانوں کی فہرست کے لیے **(1-646-692-2273) 1-646-NYC-CARE** پر NYC Care Contact Center کو کال کریں یا **nyccare.nyc** پر جائیں۔

**سوال: کیا میں NYC Care کے لیے اہل ہوں؟**

**جواب:** یہ معلوم کرنے کے لیے کہ آیا آپ اہل ہیں یا نہیں، آج ہی **(1-646-692-2273) 1-646-NYC-CARE** پر کال کریں۔

**سوال: خدمات کے حصول کے لیے مجھے کتنی ادائیگی کرنی ہو گی؟**

**جواب:** شمولیت کے لیے کوئی لاگت نہیں ہے، کوئی پریمیم کی قسط نہیں ہے اور کوئی ماہانہ فیس نہیں ہے۔ آپ کی صحت کی دیکھ بھال کے حصول کی لاگت کا انحصار آپ کے اہل خانہ کے افراد کی تعداد اور آمدنی پر ہے، جو $0 سے شروع ہوتی ہے۔ مزید معلومات اور لاگت کے پیمانے کی جدول دیکھنے کے لیے براہِ مہربانی **nyccare.nyc** پر جائیں۔

**سوال: کیا NYC Care صحت کا بیمہ ہے؟**

**جواب:** NYC Care صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کا ایک پروگرام ہے جو شہر بھر میں NYC Health + Hospitals کے ٹھور ٹھکانوں پر فراہم کنندگان اور خدمات کا ایک نیٹ ورک پیش کرتا ہے۔ صحت کے بیمے کے برعکس، اس میں شمولیت کے لیے کوئی لاگت نہیں ہے، کوئی پریمیم نہیں ہے اور کوئی ماہانہ فیس نہیں ہے۔

**سوال: میرے پاس پہلے سے ہی صحت کا بیمہ ہے تو کیا میں اس کو چھوڑ دوں اور NYC Care میں شمولیت اختیار کر لوں؟**

**جواب:** اگر آپ کے پاس ابھی صحت کی انشورنس ہے، تو اسے نہ چھوڑیں۔ ایسے افراد کہ جو اپنے آجر کے ذریعے، Marketplace کے ذریعے یا پھر Medicaid کے ذریعے بیمے کے اہل ہیں، انہیں چاہیے کہ وہ اسی پروگرام میں شمولیت اختیار کریں جس کے وہ اہل ہیں۔

**سوال: میں مزید معلومات یا NYC Care میں داخلہ کیسے حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟**

**جواب:** **(1-646-692-2273) 1-646-NYC-CARE** پر کال کریں۔ وہ آپ کی زبان بولتے ہیں! مزید لوگوں تک پہنچنے اور ان کی شمولیت میں معاونت کے لیے NYC Care نے بستیوں میں موجود سماجی تنظیموں کے ساتھ شراکتداری بھی کی ہے۔ مزید معلومات اور بستیوں میں شراکتداروں کی تازہ ترین فہرست دیکھنے کے لیےآپ **nyccare.nyc** پر جا سکتے ہیں ۔

**سوال: میں دستی کتابچہ (brochure) کیسے حاصل کرسکتا/سکتی ہوں؟**

**جواب:** 14 زبانوں میں میسر مواد ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے براہِ مہربانی **nyccare.nyc/resources** پر جائیں۔

NYC CARE Your Key to the City's Health Care

NYC HEALTH + HOSPITALS

رابطے میں رہیں۔ ہمیں فالو کریں۔